آشفتہ بیانی مری از پروفیسر رشید احمد صدیقی۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۱۹۲ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد سے غیر مجلد عہ پتہ سر سید بک ڈپو شمشاد بلڈنگ۔ علی گڈھ۔

پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی نے خود علی گڈھ کے تعلق سے اپنی جو سرگذشت علی گڈھ میگزین کے خاص نمبروں میں مختلف مضامین کی شکل میں شائع کی تھی وہ اس کتاب میں یک جا جمع کردی گئی ہے۔ علی گڈھ رشید صاحب میں اس طرح رچا اور بسا ہوا ہے کہ جب کبھی وہ علی گڈھ کی زندگی کے کسی ایک پہلو پر قلم اٹھاتے ہیں تو ان کی تحریر میں ایک خاص قسم کی توانائی اور طرفگی پیدا ہوجاتی ہے چنانچہ یہ کتاب بھی رشید صاحب کے چند خاص شاہکاروں میں شامل ہونے کے لائق ہے اس میں علی گڈھ کی اجتماعی، تہذیبی اور تمدنی زندگی کے بہت سے رُخ اور اس زندگی کے جو حضرات عناصر ترکیبی تھے ان کے خصائص اور حالاتِ زندگی بڑی خوبی سے بیان ہوگئے ہیں اگرچہ اس کتاب کو علیگڈھ کی تاریخ نہیں کہا جاسکتا تاہم ادبی حیثیت سے اور بعض خاص تاریخی معلومات کی وجہ سے یہ کتاب علیگڈھ کی ادبیات میں ایک قیمتی اضافہ ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

سہل قواعد تجوید تقطیع خرد۔ ضخامت ۵۹ صفحات، کاغذ وطباعت معمولی قیمت ۸ر۔ پتہ مکتبہ نشاۃ ثانیہ معظم جاہی مارکیٹ حیدرآباد دکن۔

بچوں کو تجوید کے قواعد سے اس حد تک مناسبت پیدا کردینی ضروری ہے کہ صحیح طور پر قرآن پاک کی تلاوت کے قابل ہوجائیں۔ اس مقصد کے پیش نظر مذکورہ بالا کتاب لکھی گئی ہے۔ اس میں تجوید کے عام اور ضروری مسائل کو آسان زبان میں مناسب ترتیب سے بیان کیا گیا ہے کہ بچے بہ سہولت ان قواعد کو اپنا سکیں۔

کتاب کے مؤلف سید کلیم اللہ حسینی پروفیسر فارسی جامعہ عثمانیہ ہیں جن کو تجوید وقراۃ سے علمی و عملی بہرطور شغف ہے۔ اس فن پر ان کی اصل تالیف سراج الترتیل کے نام سے چھپی تھی دوبارہ اس فن